خود کفیل تحریک
SELF SUFFICIENT MOVEMENT

# پودوں کی حفاظت اور کھاد کا چارٹ

**بیماری پہچانیں · دیسی علاج · صحیح دوا · صحیح مقدار میں کھاد**

## Plant Protection & Fertilizer Chart for AJK

پتہ مروڑ ہو، پتے پیلے اور کمزور ہوں یا پھل گر رہا ہو، یہ چارٹ بتاتا ہے کہ مسئلہ کیا ہے، پہلے کون سا دیسی اور سستا علاج آزمائیں، ضرورت ہو تو کون سی دوا کتنی مقدار میں ڈالیں، اور ہر فصل اور درخت کو کتنی کھاد چاہیے۔

## 1 تین آسان قدم Three simple steps

**پہچانیں**
پتہ اور پھل غور سے دیکھیں، صفحہ 2 سے مسئلہ ڈھونڈیں
Identify the problem (page 2)

**پہلے دیسی علاج**
سستا، محفوظ، اور مفید کیڑوں کو نقصان نہیں
Try natural remedies first (page 10)

**ضرورت ہو تو دوا**
صحیح مقدار، صحیح وقت، پوری احتیاط کے ساتھ
Medicine only if needed, at the right dose

## 2 ناپ تول آسان بنائیں Easy measuring

| | | | |
|---|---|---|---|
| 16 L<br>عام کمر والی اسپرے ٹینکی | 1 tsp ≈ 5 ml<br>ایک چائے کا چمچ مائع | 1 tsp ≈ 3–4 g<br>ایک چائے کا چمچ پاؤڈر | 1 bag = 50 kg<br>کھاد کی ایک بوری |

تھوڑی مقدار (1 ملی لیٹر سے کم) کے لیے بغیر سوئی کی سرنج خریدیں، یہ سب سے صحیح ناپ دیتی ہے۔ ایک ایکڑ = 8 کنال = 160 مرلے۔

## 3 اپنا صفحہ کھولیں Contents


پتہ دیکھ کر پہچانیں — Find the problem — 2
بیماریاں اور کیڑے — Diseases & pests — 3–6
پیلے اور کمزور پتے — Weak & yellow leaves — 7
سبزیوں اور فصلوں کی کھاد — Fertilizer: crops — 8
پھلدار درختوں کی کھاد — Fertilizer: fruit trees — 9
دیسی نسخے اور احتیاط — Home remedies & safety — 10


⚠️ **ضروری:** چارٹ میں دواؤں کے نام ان کے اجزا سے لکھے ہیں، کمپنی کے نام سے نہیں۔ بازار میں ایک ہی دوا مختلف طاقت میں ملتی ہے، اس لیے **بوتل یا پیکٹ کے لیبل پر لکھی مقدار ہی مانیں**۔ سپرے کے بعد سبزی کم از کم 7 دن اور پھل 14 دن تک نہ توڑیں، یا جتنے دن لیبل پر لکھے ہوں۔

# Find the problem

Khud Kafeel Tehreek · Plant Care Chart

خود کفیل تحریک
SELF SUFFICIENT MOVEMENT

# پتہ دیکھ کر پہچانیں

جو نشانی نظر آئے، اس کا صفحہ کھولیں

| علامت | مسئلہ | صفحہ |
|---|---|---|
| پتے مڑ کر چھوٹے اور کھردرے | ٹماٹر، مرچ: پتہ مروڑ وائرس | صفحہ 3 |
| آڑو کے نئے پتے سرخ، موٹے اور پھولے ہوئے | آڑو کا پتہ مروڑ | صفحہ 3 |
| پتوں پر سفید آٹے جیسا پاؤڈر | سفوفی پھپھوندی | صفحہ 3 |
| نیچے کے پتوں پر بھورے دائرے والے دھبے | اگیتا جھلساؤ | صفحہ 3 |
| بڑے کالے بھیگے دھبے، کھیت جلا ہوا لگے | پچھیتا جھلساؤ | صفحہ 4 |
| پانی کے باوجود پودا مرجھائے | مرجھاؤ / جڑ گلن | صفحہ 4 |
| کونپلوں پر چھوٹے سبز یا کالے کیڑے | تیلا | صفحہ 4 |
| پتے ہلائیں تو سفید مکھیاں اُڑیں | سفید مکھی | صفحہ 4 |
| پتے کھائے ہوئے، پھل میں سوراخ | سنڈی | صفحہ 5 |
| پھل اندر سے گلا ہوا، سنڈیاں | پھل کی مکھی | صفحہ 5 |
| پتوں پر باریک جالا اور پیلے نقطے | مکڑی جوئیں | صفحہ 5 |
| سیب پر کالے کھردرے دھبے | سیب کی خارش | صفحہ 5 |
| لیموں مالٹا پر ابھرے بھورے دھبے | ترشاوہ لینکر | صفحہ 6 |
| گندم کے پتوں پر پیلا پاؤڈر | زرد کنگی | صفحہ 6 |
| اخروٹ پر کالے دھبے، گری کالی | اخروٹ کے دھبے | صفحہ 6 |
| تنے پر مٹی کی سرنگیں، پودا سوکھے | دیمک | صفحہ 6 |
| پتے پیلے یا کمزور، کوئی کیڑا نہیں | خوراک کی کمی یا پانی | صفحہ 7 |
| ٹماٹر کا نچلا سرا کالا | کیلشیم کی کمی | صفحہ 7 |

💡 **یاد رکھیں:** ہر پیلا پتہ بیماری نہیں ہوتا۔ زیادہ یا کم پانی، کورا اور زیادہ کھاد بھی پتے خراب کرتے ہیں (صفحہ 7)۔ سمجھ نہ آئے تو تصویر کھینچ کر **کسان ہیلپ ڈیسک** پر بھیجیں، ماہرین مفت بتائیں گے: khudkafeeltehreek.com/ask-an-expert

# بیماریاں اور کیڑے (1)

پہچان، دیسی علاج، دوا اور مقدار

## پتہ مروڑ (وائرس)
Leaf curl virus

ٹماٹر، مرچ، بھنڈی، کدو

**پہچان:** پتے اوپر یا نیچے کی طرف مڑ کر چھوٹے، موٹے اور کھردرے ہو جائیں، پودا چھوٹا رہ جائے اور پھل کم لگے۔

**وجہ:** وائرس، جو سفید مکھی پھیلاتی ہے۔ وائرس کا علاج نہیں، سفید مکھی کو روکنا ہی بچاؤ ہے۔

**پہلے دیسی علاج**
- بیمار پودا شروع میں ہی جڑ سے اکھاڑ کر دبا دیں
- پیلے چپکنے والے کارڈ لگائیں
- نیم کا تیل سپرے ہفتے میں ایک بار
- پنیری جالی کے نیچے اُگائیں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| امیڈاکلوپرڈ (سفید مکھی کے لیے)<br>Imidacloprid 200 SL | 0.3 ملی لیٹر | 5 ملی لیٹر |

**کب:** سفید مکھی نظر آتے ہی؛ 10–12 دن بعد ضرورت ہو تو دوبارہ

## آڑو کا پتہ مروڑ (پھپھوندی)
Peach leaf curl

آڑو، خوبانی، آلو بخارا

**پہچان:** بہار میں نئے پتے موٹے، سرخی مائل اور پھولے ہوئے، جیسے چھالے ہوں؛ بعد میں جھڑ جاتے ہیں۔

**وجہ:** پھپھوندی، جو سردیوں میں شاخوں پر چھپی رہتی ہے۔ پتے نکلنے کے بعد سپرے فائدہ نہیں دیتا۔

**پہلے دیسی علاج**
- بیمار پتے اور شاخیں کاٹ کر جلا دیں
- گرے ہوئے پتے جمع کر کے تلف کریں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| کاپر آکسی کلورائیڈ<br>Copper oxychloride 50 WP | 3 گرام | 50 گرام |
| یا بورڈو مکسچر 1%<br>Bordeaux mixture 1% | نسخہ صفحہ 10 پر | |

**کب:** پتے جھڑنے کے بعد (نومبر–دسمبر) اور کلیاں پھولنے سے پہلے (فروری)

## سفوفی پھپھوندی (سفید پاؤڈر)
Powdery mildew

کدو، کھیرا، مٹر، سیب، آم، گلاب

**پہچان:** پتوں پر سفید آٹے جیسا پاؤڈر، پتے پیلے ہو کر سوکھ جائیں۔

**وجہ:** پھپھوندی؛ خشک دن اور ٹھنڈی نم راتوں میں تیزی سے پھیلتی ہے۔

**پہلے دیسی علاج**
- کھٹی لسی کا سپرے
- میٹھے سوڈے کا سپرے
- بیمار پتے توڑ دیں، پودوں میں ہوا کا راستہ رکھیں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| گندھک (سلفر)<br>Wettable sulphur 80 WP | 2.5 گرام | 40 گرام |
| یا ہیکساکونازول<br>Hexaconazole 5 EC | 1 ملی لیٹر | 16 ملی لیٹر |

**کب:** پہلے دھبے دیکھتے ہی؛ 10–15 دن بعد دوبارہ۔ 32° سے زیادہ گرمی میں گندھک نہ چھڑکیں

## اگیتا جھلساؤ (بھورے دھبے)
Early blight

ٹماٹر، آلو، بینگن

**پہچان:** نیچے کے پرانے پتوں پر بھورے دھبے، جن میں نشانہ جیسے دائرے ہوں؛ پتے پیلے ہو کر جھڑ جائیں۔

**وجہ:** پھپھوندی، جو مٹی سے نیچے کے پتوں پر چڑھتی ہے۔

**پہلے دیسی علاج**
- نیچے کے بیمار پتے توڑ دیں
- پانی جڑ میں دیں، پتوں پر نہیں
- پودے کے گرد ملچ (گھاس کی تہہ) بچھائیں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| مینکوزیب<br>Mancozeb 80 WP | 2.5 گرام | 40 گرام |
| یا ڈائفینوکونازول<br>Difenoconazole 250 EC | 0.5 ملی لیٹر | 8 ملی لیٹر |

**کب:** دھبے نظر آتے ہی؛ ہر 10 دن بعد، بارش کے موسم میں

# بیماریاں اور کیڑے (2)

پہچان، دیسی علاج، دوا اور مقدار



## پچھیتا جھلساؤ (کالا جھلساؤ)

Late blight

آلو، ٹماٹر

**پہچان:** پتوں پر پانی سے بھیگے کالے بڑے دھبے، نیچے سفید پھپھوندی؛ چند دن میں پورا کھیت جل سا جاتا ہے۔

**وجہ:** پھپھوندی؛ ٹھنڈا، بادل اور بارش والا موسم سب سے خطرناک۔

### پہلے دیسی علاج

تصدیق شدہ صحت مند بیج لگائیں • بیمار پودے فوراً نکال کر دبا دیں • مٹی چڑھائیں تاکہ آلو ڈھکے رہیں

### ضرورت ہو تو دوا

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| میٹالیکسل + مینکوزیب<br>Metalaxyl + Mancozeb 72 WP | 2.5 گرام | 40 گرام |
| بچاؤ کے لیے مینکوزیب<br>Mancozeb 80 WP | 2.5 گرام | 40 گرام |

**کب:** ٹھنڈا بارشی موسم آتے ہی بچاؤ کا سپرے؛ بیماری ہو تو 7 دن بعد دوبارہ

## مرجھاؤ اور جڑ گلن

Wilt & root rot

مرچ، ٹماٹر، بینگن، مٹر، چنے

**پہچان:** پانی کے باوجود پودا اچانک مرجھا جائے، جڑ اور تنے کا نچلا حصہ بھورا یا گلا ہوا ہو۔

**وجہ:** مٹی کی پھپھوندی؛ زیادہ پانی اور پانی کھڑا رہنے سے بڑھتی ہے۔

### پہلے دیسی علاج

پانی کم اور نکاس اچھا رکھیں • ٹرائیکوڈرما والی کھاد ڈالیں • ہر سال جگہ بدل کر لگائیں

### ضرورت ہو تو دوا

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| کاربینڈازم (جڑوں میں ڈالیں)<br>Carbendazim 50 WP (drench) | 1 گرام | 16 گرام |

**کب:** آس پاس کے صحت مند پودوں کی جڑوں میں، آدھا گلاس فی پودا

## تیلا (سست تیلا)

Aphids

گوبھی، سرسوں، گندم، آڑو، سیب، مٹر

**پہچان:** نئی کونپلوں اور پتوں کے نیچے چھوٹے سبز یا کالے کیڑے؛ پتے مڑ جائیں اور چپچپے ہو جائیں۔

**وجہ:** رس چوسنے والا کیڑا؛ بہار اور ٹھنڈے موسم میں زیادہ۔

### پہلے دیسی علاج

صابن پانی یا نیم کا تیل سپرے • لہسن اور ہری مرچ کا سپرے • لیڈی برڈ (سرخ دھبوں والی بھونڈی) کو نہ ماریں، یہ تیلا کھاتی ہے

### ضرورت ہو تو دوا

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| امیڈاکلوپرڈ<br>Imidacloprid 200 SL | 0.3 ملی لیٹر | 5 ملی لیٹر |

**کب:** جب کونپلوں پر تیلا جم جائے؛ ایک سپرے عام طور پر کافی ہے

## سفید مکھی

Whitefly

ٹماٹر، بینگن، کھیرا، کدو، مرچ

**پہچان:** پتے ہلائیں تو چھوٹی سفید مکھیاں اُڑیں؛ پتے پیلے اور چپچپے، اوپر کالی پھپھوندی۔

**وجہ:** رس چوسنے والا کیڑا جو پتہ مروڑ وائرس بھی پھیلاتا ہے؛ گرمیوں میں زیادہ۔

### پہلے دیسی علاج

پیلے چپکنے والے کارڈ (8–10 فی کنال) • نیم کا تیل یا صابن پانی، پتوں کے نیچے کی طرف • کھیت کے آس پاس جڑی بوٹیاں صاف رکھیں

### ضرورت ہو تو دوا

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| امیڈاکلوپرڈ<br>Imidacloprid 200 SL | 0.3 ملی لیٹر | 5 ملی لیٹر |

**کب:** جب ہر پتے پر کئی مکھیاں ہوں؛ ایک ہی دوا بار بار نہ چھڑکیں

# Diseases & pests 3

Khud Kafeel Tehreek · Plant Care Chart

# بیماریاں اور کیڑے (3)

پہچان، دیسی علاج، دوا اور مقدار

خود کفیل تحریک
SELF SUFFICIENT MOVEMENT

## سنڈی (پھل اور تنے کا کیڑا)

Caterpillars & fruit borer

ٹماٹر، بینگن، بھنڈی، گوبھی، مکئی، چنے

**پہچان:** پتے کھائے ہوئے، پھل میں سوراخ اور اندر سنڈی؛ بینگن کی کونپل مرجھا جائے۔

**وجہ:** پروانے کی سنڈیاں؛ گرمی اور برسات میں زیادہ۔

**پہلے دیسی علاج**

سوراخ والے پھل اور مرجھائی کونپلیں توڑ کر زمین میں دبائیں • فیرومون ٹریپ لگائیں (4–6 فی ایکڑ) • بی ٹی (حیاتیاتی دوا) 1–2 گرام فی لیٹر

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| اسپینوسیڈ<br>Spinosad | 0.3–0.5 ملی لیٹر | 5–8 ملی لیٹر |
| یا لیمبڈا سائیہیلو تھرین<br>Lambda-cyhalothrin 2.5 EC | 1 ملی لیٹر | 16 ملی لیٹر |

**کب:** چھوٹی سنڈیاں دیکھتے ہی، شام کے وقت؛ پھول پر شہد کی مکھیاں ہوں تو نہیں

## پھل کی مکھی

Fruit fly

امرود، آم، آڑو، کدو، کھیرا، توری

**پہچان:** پھل پر چھوٹا سوراخ، اندر سے گلا ہوا اور سنڈیاں؛ پھل کچا ہی گر جائے۔

**وجہ:** مکھی پھل کے اندر انڈے دیتی ہے؛ گرے ہوئے پھل سے پھر پیدا ہوتی ہے۔

**پہلے دیسی علاج**

گرے اور خراب پھل روز اٹھا کر گہرا دبائیں • مکھی پکڑنے والے ٹریپ (6–8 فی ایکڑ) • باغیچے میں پھل پر کاغذ کی تھیلی چڑھائیں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| سپرے کی ضرورت کم؛ ٹریپ سب سے مؤثر<br>Traps work best (methyl eugenol / cue-lure) | — | — |

**کب:** پھل بننا شروع ہوتے ہی ٹریپ لگا دیں

## مکڑی جوئیں (مائیٹ)

Spider mites

بینگن، لوبیا، اسٹرابیری، سیب

**پہچان:** پتوں پر باریک پیلے نقطے، نیچے کی طرف باریک جالا؛ پتے کانسی جیسے ہو کر جھڑ جائیں۔

**وجہ:** بہت چھوٹے کیڑے؛ گرم خشک موسم اور گرد میں تیزی سے بڑھتے ہیں۔

**پہلے دیسی علاج**

پتوں کے نیچے پانی کی تیز دھار • نیم کا تیل سپرے • پودوں کو پیاسا نہ رکھیں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| گندھک (سلفر)<br>Wettable sulphur 80 WP | 2 گرام | 32 گرام |
| یا اباميكٹن<br>Abamectin 1.8 EC | 0.5 ملی لیٹر | 8 ملی لیٹر |

**کب:** جالا نظر آتے ہی؛ پتوں کے نیچے کی طرف اچھی طرح

## سیب کی خارش (سکیب)

Apple scab

سیب، ناشپاتی

**پہچان:** پتوں اور پھلوں پر زیتونی سبز سے کالے کھردرے دھبے؛ پھل پھٹ جائے اور بدشکل ہو۔

**وجہ:** پھپھوندی، جو گرے پتوں میں سردی گزارتی ہے اور بہار کی بارش میں پھیلتی ہے۔

**پہلے دیسی علاج**

سردیوں میں گرے پتے جمع کر کے جلائیں یا دبائیں • کانٹ چھانٹ کر کے درخت میں ہوا اور دھوپ کا راستہ بنائیں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| مینکوزیب<br>Mancozeb 80 WP | 2.5 گرام | 40 گرام |
| یا ڈائفینوکونازول<br>Difenoconazole 250 EC | 0.3 ملی لیٹر | 5 ملی لیٹر |

**کب:** کلیاں سبز ہوتے ہی، پھر بارشی موسم میں ہر 10–15 دن

# Diseases & pests 4

Khud Kafeel Tehreek · Plant Care Chart

# بیماریاں اور کیڑے (4)

پہچان، دیسی علاج، دوا اور مقدار

خود کفیل تحریک
SELF SUFFICIENT MOVEMENT

## ترشاوہ کینکر
Citrus canker

لیموں، مالٹا، کینو

**پہچان:** پتوں، شاخوں اور پھلوں پر ابھرے ہوئے کھردرے بھورے دھبے، ارد گرد پیلا ہالہ۔

**وجہ:** جراثیم؛ بارش اور ہوا سے پھیلتے ہیں، لیف مائنر کے زخموں سے داخل ہوتے ہیں۔

**پہلے دیسی علاج**
بیمار شاخیں کاٹ کر جلا دیں، قینچی صاف کریں • نئی کونپلوں کو لیف مائنر سے بچائیں (نیم کا تیل)

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| کاپر آکسی کلورائیڈ<br>Copper oxychloride 50 WP | 3 گرام | 50 گرام |

**کب:** بارشوں سے پہلے اور نئی کونپلیں نکلنے پر؛ 15–20 دن بعد دوبارہ

## گندم کی کنگی (زرد کنگی)
Wheat rust

گندم

**پہچان:** پتوں پر پیلی یا بھوری دھاریاں، ہاتھ لگائیں تو زرد پاؤڈر لگ جائے۔

**وجہ:** پھپھوندی؛ ٹھنڈے نم موسم (فروری–مارچ) میں ہوا سے پھیلتی ہے۔

**پہلے دیسی علاج**
کنگی سے بچاؤ والی منظور شدہ قسم کاشت کریں • وقت پر بوائی؛ بہت دیر سے بوائی نہ کریں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| پروپیکونازول<br>Propiconazole 250 EC | 1 ملی لیٹر | 16 ملی لیٹر |

**کب:** پہلی دھاریاں نظر آتے ہی؛ ایکڑ کی مقدار بوتل کے لیبل سے

## اخروٹ کے کالے دھبے
Walnut blight & anthracnose

اخروٹ

**پہچان:** پتوں اور سبز اخروٹ پر کالے دھبے؛ گری کالی ہو جائے اور پھل وقت سے پہلے گرے۔

**وجہ:** جراثیم اور پھپھوندی؛ بہار کی بارش میں نئے پتوں اور پھلوں پر حملہ۔

**پہلے دیسی علاج**
گرے پتے اور کالے پھل جمع کر کے تلف کریں • سوکھی اور بیمار شاخیں سردیوں میں کاٹ دیں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| کاپر آکسی کلورائیڈ<br>Copper oxychloride 50 WP | 3 گرام | 50 گرام |

**کب:** پتے نکلتے وقت، پھر بارشوں میں 10–15 دن بعد

## دیمک
Termites

نئے پودے، پھلدار درخت، گندم، گنا

**پہچان:** پودا اچانک سوکھ جائے، تنے پر مٹی کی سرنگیں، جڑیں کھائی ہوئیں۔

**وجہ:** کچی گوبر کی کھاد اور خشک زمین میں زیادہ۔

**پہلے دیسی علاج**
ہمیشہ گلی سڑی کھاد ڈالیں، کچا گوبر نہیں • نیم کی کھل: نئے پودے کے گڑھے میں 250 گرام، بڑے درخت کے گرد 1 کلو • آبپاشی باقاعدہ رکھیں

**ضرورت ہو تو دوا**

| دوا (اجزا) | 1 لیٹر میں | 16 لیٹر ٹینکی |
|---|---|---|
| جڑوں میں منظور شدہ دیمک کش دوا<br>Approved termiticide, root drench | لیبل کے مطابق | |

**کب:** پودا لگاتے وقت گڑھے میں، یا حملہ دیکھتے ہی

# Weak & yellow leaves

Khud Kafeel Tehreek · Plant Care Chart

# پیلے اور کمزور پتے

خوراک کی کمی پہچانیں اور پوری کریں

خود کفیل تحریک
SELF SUFFICIENT MOVEMENT

| پتے کی حالت<br>What the leaf shows | کمی<br>Shortage | فوری علاج (1 لیٹر پانی میں)<br>Quick fix | دیسی طریقہ<br>Natural way |
|---|---|---|---|
| پرانے (نیچے کے) پتے پورے پیلے | نائٹروجن کی کمی<br>Nitrogen (N) | یوریا 10 گرام فی لیٹر کا سپرے، یا زمین میں یوریا | گلی سڑی کھاد، مٹر اور دالوں کی فصل |
| پتے گہرے سبز سے جامنی، بڑھوتری رکی ہوئی | فاسفورس کی کمی<br>Phosphorus (P) | ڈی اے پی زمین میں، بوائی کے وقت | ہڈیوں کا چورا، گلی سڑی کھاد |
| پتوں کے کنارے جلے ہوئے بھورے | پوٹاش کی کمی<br>Potassium (K) | ایس او پی 10 گرام فی لیٹر کا سپرے، یا زمین میں | لکڑی کی راکھ (تھوڑی مقدار) |
| نئے پتے پیلے مگر رگیں سبز، پتے چھوٹے | زنک یا آئرن کی کمی<br>Zinc / Iron | زنک یا آئرن (چیلیٹڈ) 1 گرام فی لیٹر؛ زمین میں زنک سلفیٹ 33%: 5 کلو فی ایکڑ | کمپوسٹ ڈالیں، مٹی کا کھارا پن کم کریں |
| پرانے پتوں میں رگوں کے درمیان پیلا پن | میگنیشیم کی کمی<br>Magnesium (Mg) | میگنیشیم سلفیٹ 5 گرام فی لیٹر کا سپرے | گلی سڑی کھاد |
| ٹماٹر کا نچلا سرا کالا اور گلا ہوا | کیلشیم کی کمی (بے قاعدہ پانی)<br>Calcium (Ca) | کیلشیم نائٹریٹ 5 گرام فی لیٹر کا سپرے | پانی باقاعدگی سے دیں، ملچ بچھائیں |
| پھول اور چھوٹا پھل گرے، پھل پھٹے، کونپل سوکھے | بوران کی کمی<br>Boron (B) | بوریکس 1 گرام فی لیٹر کا سپرے، پھول آنے سے پہلے | زیادہ مقدار نقصان دہ ہے، ایک بار کافی |

💡 پتوں پر خوراک کا سپرے صبح یا شام کریں، 10–15 دن بعد دوبارہ۔ **یوریا اور کھاد کا سپرے ہمیشہ کم مقدار سے شروع کریں**؛ زیادہ مقدار سے پتے جل جاتے ہیں۔ بہترین حل ہر موسم میں گلی سڑی کھاد ڈالنا اور ہر 2–3 سال بعد مٹی کا تجزیہ کروانا ہے۔

## ہر پیلا پتہ بیماری نہیں

Not every yellow leaf is a disease

| وجہ<br>Cause | نشانی<br>Sign | کیا کریں<br>What to do |
|---|---|---|
| زیادہ پانی | پتے پیلے اور ڈھیلے، مٹی ہر وقت گیلی، جڑیں گلنے لگیں | پانی کم کریں، نکاس بنائیں |
| پانی کی کمی | دن کو پتے مرجھا کر نیچے لٹکیں، کنارے سوکھیں | صبح یا شام گہرا پانی، ملچ بچھائیں |
| کورا (سخت سردی) | پتے راتوں رات کالے یا جلے ہوئے، خاص طور پر اوپر کے | رات کو ڈھانپیں، کورے سے پہلے ہلکا پانی |
| زیادہ کھاد | پتوں کے کنارے جل جائیں، پودا یکدم مرجھا ئے | کھاد تنے سے دور ڈالیں، اچھی طرح پانی دیں |
| جڑی بوٹی مار دوا کا اثر | پتے عجیب طرح سے مڑیں یا لمبے پتلے ہو جائیں | ہوا میں جڑی بوٹی مار دوا نہ چھڑکیں، اسپرے مشین الگ رکھیں |

# Fertilizer for vegetables & crops

Khud Kafeel Tehreek · Plant Care Chart

# سبزیوں اور فصلوں کی کھاد

فی ایکڑ مقدار (50 کلو کی بوریاں)

| یوریا کب ڈالیں<br>When to give urea | ایس او پی<br>SOP (bags) | یوریا<br>Urea (bags) | ڈی اے پی<br>DAP (bags) | گلی سڑی کھاد<br>Compost (ton) | فصل<br>Crop |
|---|---|---|---|---|---|
| تین برابر حصے: پنیری لگانے کے 20، 40 اور 60 دن بعد | 1.5 | 2 | 2 | 10 | ٹماٹر، مرچ، بینگن<br>Tomato, chilli, brinjal |
| آدھا بوائی پر، آدھا مٹی چڑھاتے وقت | 2 | 3 | 2 | 10 | آلو<br>Potato |
| تین حصے: 3، 6 اور 9 ہفتے بعد | 1 | 2 | 1.5 | 8 | پیاز، لہسن<br>Onion, garlic |
| تین حصے: 3، 5 اور 7 ہفتے بعد | 1 | 2.5 | 2 | 10 | گوبھی، بند گوبھی<br>Cauliflower, cabbage |
| دو حصے: بیل چلنے اور پھول آنے پر | 1 | 1.5 | 1.5 | 8 | کدو، کھیرا، توری، کریلا<br>Gourds, cucumber |
| ہر کٹائی کے بعد تھوڑا تھوڑا | — | 1.5 | 1 | 6 | پالک، دھنیا، ساگ<br>Leafy greens |
| صرف بوائی پر؛ دالیں اپنی نائٹروجن خود بناتی ہیں | — | 0.5 | 1 | 5 | مٹر، لوبیا، مسور، چنے<br>Peas & pulses |
| تین حصے: بوائی، گوڈی اور سِٹے نکلنے سے پہلے | 1 | 3 | 2 | 5 | مکئی<br>Maize |
| آدھی پہلے پانی، آدھی دوسرے پانی کے ساتھ | 1 | 2.5 | 1.5 | — | گندم<br>Wheat |

### 🏡 کچن گارڈن اور چھوٹے کھیت کے لیے (فی مرلہ، یعنی 15×18 فٹ):

- گلی سڑی کھاد: **60 کلو** (تقریباً 2 بوریاں)، بوائی سے 2 ہفتے پہلے مٹی میں ملائیں
- ڈی اے پی: **500 گرام** بوائی کے وقت · ایس او پی: **300 گرام** بوائی کے وقت
- یوریا: کل **500 گرام**، 2–3 حصوں میں، پودوں سے 3–4 انچ دور ڈال کر پانی لگائیں

### 📌 سنہری اصول:

- ڈی اے پی اور ایس او پی بوائی کے وقت زمین میں؛ یوریا ہمیشہ حصوں میں اور نم زمین میں
- یوریا پودے کے تنے کو نہ چھوئے؛ کھاد ڈالنے کے بعد ہلکا پانی ضرور دیں
- یہ عام اندازے ہیں؛ زرخیز زمین میں کم، کمزور زمین میں تھوڑا زیادہ۔ مٹی کا تجزیہ بہترین رہنما ہے
- گوبر کی کچی کھاد نہ ڈالیں؛ کم از کم 2–3 مہینے گلی ہوئی ہو ورنہ دیمک اور بیماریاں آتی ہیں

# Fertilizer for fruit trees
Khud Kafeel Tehreek · Plant Care Chart

خود کفیل تحریک
SELF SUFFICIENT MOVEMENT

# پھلدار درختوں کی کھاد
فی درخت، پورے سال کی مقدار

| درخت کی عمر Tree age | گلی سڑی کھاد Compost | یوریا Urea | ڈی اے پی DAP | ایس او پی SOP |
|---|---|---|---|---|
| 1–3 سال | 10–20 کلو | 100–250 گرام | 100–200 گرام | 100–200 گرام |
| 4–6 سال | 25–40 کلو | 300–500 گرام | 250–500 گرام | 250–400 گرام |
| 7–10 سال | 40–50 کلو | 500 گرام–1 کلو | 500 گرام–1 کلو | 500 گرام–1 کلو |
| 10 سال سے زیادہ | 50–60 کلو | 1–1.5 کلو | 1 کلو | 1 کلو |

## کب ڈالیں؟ When

| وقت Time | | کیا ڈالیں What |
|---|---|---|
| دسمبر–جنوری | Winter, leaves fallen | پوری گلی سڑی کھاد + پوری ڈی اے پی + پوری ایس او پی |
| فروری–مارچ | 2–3 weeks before flowers | آدھی یوریا |
| اپریل–مئی | After fruit set | باقی آدھی یوریا |

بلند پہاڑی علاقوں میں ہر کام ایک مہینہ بعد کریں۔ لیموں، مالٹے اور کینو کو سال میں دو بار زنک کا سپرے (1 گرام فی لیٹر) بھی دیں۔




### کھاد کیسے ڈالیں:

- تنے کے ساتھ نہیں؛ **شاخوں کے پھیلاؤ کے نیچے** ایک گول نالی (6–8 انچ گہری) بنائیں، کیونکہ خوراک لینے والی جڑیں وہیں ہوتی ہیں
- کھاد نالی میں ڈال کر مٹی سے ڈھانپیں اور فوراً پانی دیں
- نئے پودے کو کم مقدار، اور تنے سے 1 فٹ دور
- اگر درخت میں پھل بہت کم اور پتے بہت زیادہ ہوں تو یوریا کم کریں اور ایس او پی بڑھائیں

خود کفیل تحریک
SELF SUFFICIENT MOVEMENT

# دیسی نسخے اور احتیاط

گھر میں بنائیں، کم خرچ، کم نقصان

# Home remedies & spray safety

Khud Kafeel Tehreek · Plant Care Chart

### نیم کے تیل کا سپرے
Neem oil spray

1 لیٹر پانی + 5 ملی لیٹر نیم کا تیل + 1–2 ملی لیٹر برتن دھونے والا مائع صابن؛ اچھی طرح ہلا کر فوراً چھڑکیں۔

✓ تیلا، سفید مکھی، جوئیں، چھوٹی سنڈیاں، لیف مائنر

### نیم کے پتوں کا عرق
Neem leaf extract

1 کلو تازہ پتے کوٹ کر 5 لیٹر پانی میں رات بھر بھگوئیں، صبح چھان لیں۔ 1 حصہ عرق + 4 حصے پانی۔

✓ رس چوسنے والے کیڑے، چھوٹی سنڈیاں

### لہسن اور ہری مرچ کا سپرے
Garlic & chilli spray

100 گرام لہسن + 50 گرام ہری مرچ پیس کر 1 لیٹر پانی میں رات بھر رکھیں، چھان کر 10 لیٹر پانی اور 10 ملی لیٹر صابن ملائیں۔

✓ تیلا، سنڈیاں، بھونڈیاں

### صابن والا پانی
Soap water

1 لیٹر پانی میں 5 ملی لیٹر مائع صابن (ڈٹرجنٹ پاؤڈر نہیں)۔ پتوں کے نیچے کی طرف چھڑکیں۔

✓ تیلا، سفید مکھی

### کھٹی لسی کا سپرے
Sour buttermilk spray

3–4 دن پرانی کھٹی لسی 1 لیٹر + 10 لیٹر پانی۔ ہفتے میں ایک بار۔

✓ سفوفی پھپھوندی، پتوں کے دھبے

### میٹھے سوڈے کا سپرے
Baking soda spray

1 لیٹر پانی + 5 گرام (ایک چائے کا چمچ) میٹھا سوڈا + 2 ملی لیٹر صابن۔

✓ سفوفی پھپھوندی

### پیلے چپکنے والے کارڈ
Yellow sticky cards

پیلے گتے یا پلاسٹک پر گریس یا گاڑھا تیل لگائیں، پودوں سے ذرا اوپر لٹکائیں؛ 8–10 فی کنال۔

✓ سفید مکھی، تیلا، پتے کی سرنگ والی مکھی

### ٹرائیکوڈرما والی کھاد
Trichoderma compost

1 کلو ٹرائیکوڈرما پاؤڈر + 100 کلو گلی سڑی کھاد، ہلکا نم کر کے 7 دن سائے میں ڈھانپ کر رکھیں، پھر کھیت میں ملائیں۔ بیج پر 5 گرام فی کلو۔

✓ مرجھاؤ، جڑ گلن

### لکڑی کی راکھ
Wood ash

صبح شبنم میں پتوں پر ہلکی چھڑکیں؛ پودوں کے گرد مٹی میں تھوڑی ملائیں (پوٹاش)۔

✓ کدو کی لال بھونڈی، تیلا

### بورڈو مکسچر 1%
Bordeaux mixture

100 گرام نیلا تھوتھا 5 لیٹر پانی میں، 100 گرام چونا الگ 5 لیٹر پانی میں؛ نیلا گھول چونے والے میں ڈالیں۔ پلاسٹک کا برتن، اسی دن استعمال کریں۔

✓ پتہ مروڑ (آڑو)، پتوں کے دھبے، کینکر

## سپرے کرتے وقت حفاظت
Spray safety

1. دستانے، ماسک اور پوری آستین پہنیں؛ سپرے کے دوران کچھ نہ کھائیں پیئیں، بعد میں ہاتھ منہ صابن سے دھوئیں۔
2. ہوا کے رخ کے ساتھ اور صبح یا شام سپرے کریں؛ تیز ہوا، بارش اور دوپہر کی دھوپ میں نہیں۔ پھول پر شہد کی مکھیاں ہوں تو شام کو۔
3. ایک وقت میں ایک ہی دوا؛ کئی دوائیں ملا کر اپنا "مکسچر" نہ بنائیں۔ ایک ہی دوا بار بار نہ چھڑکیں، بدل بدل کر استعمال کریں۔
4. دوا بچوں اور جانوروں سے دور، اصل ڈبے میں رکھیں؛ خالی ڈبے دوبارہ استعمال نہ کریں، زمین میں دبا دیں۔ پانی کے چشموں اور ندیوں کے قریب دوا نہ دھوئیں۔
5. سپرے کے بعد سبزی 7 دن، پھل 14 دن نہ توڑیں (یا لیبل کے مطابق)، اور کھانے سے پہلے ہمیشہ دھو لیں۔

خود کفیل تحریک کی جانب سے آزاد جموں و کشمیر کے کسانوں کے لیے

Presented to the farmers of Azad Jammu & Kashmir by Khud Kafeel Tehreek

اپنا اُگاؤ، اپنا کھاؤ

**Sardar Liaqat Hussain**

Founder & Chairman, Khud Kafeel Tehreek

Ask an expert, free
khudkafeeltehreek.com

خود کفیل تحریک
SELF SUFFICIENT MOVEMENT

یہ عام رہنمائی ہے۔ مقدار اور وقت فصل، موسم اور دوا کی طاقت کے لحاظ سے بدل سکتے ہیں؛ ہمیشہ لیبل پڑھیں اور شک ہو تو محکمہ زراعت یا ہمارے ماہرین سے پوچھیں۔

General guidance only; doses vary with crop, weather and product strength. Always follow the product label. Icons: Twemoji (CC-BY 4.0). Edition 2026.